02-05-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کی چناؤ مہم جاری ہے۔ مختلف پارٹیوں کے لیڈر پورے ملک میں ریلیاں اور روڈ شو کر رہے ہیں۔

2 انتخابی کمیشن نے توہین آمیز رائے زنی کی بنا پر BRS کے سربراہ چندرشیکھر راؤ پر 48 گھنٹے کے لیے انتخابی مہم میں شامل ہونے پر پابندی عائد کردی ہے۔

3 2025کے پدم ایوارڈس کے لیے آن لائن نامزدگی اور سفارشات کا عمل شروع ہو گیا ہے۔

4 جموں و کشمیر کے سامبا ضلعے میں BSF نے ایک پاکستانی درانداز کو ہلاک کردیا ہے۔

5 بھارتی موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ مغربی بنگال، اوڈیشہ، جھارکھنڈ اور بہار میں شدید گرمی کا زور آج بھی جاری رہنے کا امکان ہے۔

6 بین الاقوامی شطرنج فیڈریشن نے شطرنج کی نوجوان بھارتی کھلاڑی ویشالی رمیش بابو کو گرانڈ ماسٹر کے ٹائٹل سے سرفراز کیا ہے۔

7 اور IPL کرکٹ میں، پنجاب کنگس نے چنئی سپر کنگس کو سات وکٹ سے ہرا دیا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

OVER CAMPAIGNIG

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کی چناؤ مہم اور تیز ہوگئی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈر اپنے اپنے امیدواروں کی حمایت میں ریلیاں اور روڈ شو کر رہے ہیں۔ گجرات میں لوک سبھا انتخابات کی چناؤ مہم زور و شور سے جاری ہے۔ پوری ریاست میں اِس مہینے کی 7 تاریخ کو واحد مرحلے میں پولنگ ہوگی۔

وزیراعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی آج ریاست میں چار ریلیوں سے خطاب کرنے والے ہیں۔جناب مودی، آنند، سریندر نگر، جوناگڑھ اور جام نگر میں ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ اِدھر راجستھان کے سابق وزیراعلیٰ اور کانگریس کے لیڈر اشوک گہلوت آج احمد آباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرنے والے ہیں۔

دوسری طرف عام آدمی پارٹی کی لیڈر سنیتا کیجریوال بھاؤ نگر اور بھڑوچ کے پارٹی امیدواروں کی حمایت میں Botad اور Dediyapada میں روڈ شو کریں گی۔ اترپردیش میں کئی سرکردہ لیڈر آج انتخابی مہم میں شامل ہوں گے۔ آکاشوانی کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ مرکزی وزیر اور BJPکے سرکردہ لیڈر امت شاہ پارٹی امیدواروں کی حمایت میں بریلی، بدایوں اور سیتاپور ضلعے میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ شام کو وہ لکھنؤ میں پارٹی کی تنظیمی میٹنگ میں شریک ہوں گے۔ ریاست کے Mainpuri لوک سبھا حلقے میں سیاسی میدان میں دو بڑے لیڈر اتریں گے۔

ریاست کے وزیراعلیٰ اورBJP کے سرکردہ لیڈر یوگی آدتیہ ناتھ ایک روڈ شو کریں گے جبکہ بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی بھی وہاں ایک ریلی سے خطاب کریں گی۔ سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھیلش یادو بدایوں اور Aonla لوک سبھا حلقوں میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ راشٹریہ لوک دل کے سربراہ جینت چودھری، ہاتھرس لوک سبھا حلقے کے سعدآباد علاقے میں ایک جلسے سے خطاب کریں گے۔x

## MP CAMPAIGNING

مدھیہ پردیش میں لوک سبھا انتخابات کے تیسرے اور چوتھے مرحلے کی چناؤ مہم اپنے عروج پر ہے۔ بڑی سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر اپنے اپنے امیدواروں کے لیے حمایت حاصل کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑ رہے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ مدھیہ پردیش میں اِن دو مرحلوں میں لوک سبھا کی 17 سیٹوں کے لیے پولنگ ہوگی۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V/C Sanjeev Sharma

BJPکے قومی صدر جگت پرکاش نڈّا آج ساگر لوک سبھا حلقے کے Sironj علاقے میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کریں گے۔ اُدھر آل انڈیا کانگریس کمیٹی کی لیڈر پرینکا گاندھی بھی مورینا میں چناؤ مہم میں شامل ہوں گی۔ اس کے ساتھ ساتھ جتیندر سنگھ، جیتو پٹواری اور ارون یادو بھی مورینا اور گوالیار میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ مدھیہ پردیش میں تیسرے اور چوتھے مرحلے میں پولنگ کا فیصد بڑھانے کے مقصد سے ''چلیں بوتھ کی اور'' مہم کا آغاز کیا گیا ہے۔ اعلیٰ انتخابی افسر انوپم راجن نے سیہور ضلعے کے بلقیس گنج اور کانکر کھیڑا گاؤں میں اس مہم میں شرکت کی۔ انھوں نے کہا کہ جمہوریت کو مستحکم بنانے کی خاطر ہر ایک کو ووٹ دینا چاہیے۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شمیم عرفان

## LOK POLLS THIRD PHASE

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے میں اس مہینے کی 7 تاریخ کو دس ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے میں پھیلے ہوئے 93 حلقوں میں پولنگ ہوگی۔

اِس مرحلے میں گجرات کی 25 سیٹوں، کرناٹک میں 14، مہاراشٹر میں 11 اور اترپردیش میں 10 سیٹوں کے لیے ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِس کے علاوہ مدھیہ پردیش میں 9 سیٹوں، چھتیس گڑھ میں 7، بہار میں 5، آسام اور مغربی بنگال میں چار۔چار، گوا، دادر نگر حویلی اور دمن دیو میں دو۔دو سیٹوں کے لیے ووٹنگ ہوگی۔ اس مرحلے کے ساتھ ہی 16ریاستوں میں ووٹنگ مکمل ہوجائے گی۔x

## EC CHANDRASHEKAR

انتخابی کمیشن نے تلنگانہ کے سابق وزیراعلیٰ اور بھارت راشٹر سمیتی کے سربراہ چندر شیکھر راؤ پر 48 گھنٹے تک چناؤ مہم میں حصہ لینے پر پابندی عائد کردی ہے۔ کانگریس پارٹی کے خلاف مبینہ طور پر توہین آمیز اور قابل اعتراض بیانات کی بنا پر ایسا کیا گیا ہے۔ اِس پابندی کا اطلاق کل رات آٹھ بجے سے ہو گیا ہے۔ اِس سے پہلے کانگریس پارٹی نے تلنگانہ میں Sircilla کے مقام پر جناب چندر شیکھر کی رائے زنی کے تعلق سے شکایت درج کرائی تھی۔

چناؤ کمیشن نے کہا ہے کہ سیاسی پارٹیوں اور لیڈروں کو چاہیئے کہ وہ رائے دہندگان کو گمراہ کرنے کے لیے غلط، جھوٹے اور بے بنیاد بیانات سے گریز کریں۔ کمیشن نے یہ بھی کہا ہے کہ غیر مصدقہ الزامات یا غلط بیانی کی بنیاد پر دیگر پارٹیوں یا اُن کے کارکنوں کی نکتہ چینی سے گریز کیا جانا چاہیے۔x

## RAHUL MODI

کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے دعوی کیا ہے کہ انتخابات ہارنے کے ڈر سے وزیراعظم نریندر مودی نے، اُس عہدے کے وقار کو فراموش کردیا ہے جس پر وہ فائز ہیں اور یہ دعوی کر رہے ہیں کہ کانگریس خواتین کے منگل سُوتر اپنے قبضے میں لے لے گی اور لوگوں کے گھر چھین لے گی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب راہل گاندھی نے کہا کہ جناب مودی اِس طرح کی بے بنیاد باتیں اس لیے کر رہے ہیں کیونکہ کانگریس اُن کی 300 سیٹوں میں سے ڈیڑھ سو سے زیادہ سیٹیں اپنی طرف کرکے سرکار بنانے جا رہی ہے۔ دولت کے مالی اور ادارہ جاتی سروے سے متعلق جناب راہل گاندھی کے بیان کا حوالہ دیتے ہوئے جناب مودی نے راجستھان میں انتخابی مہم کے دوران یہ کہا تھا کہ اگر کانگریس اقتدار میں آتی ہے تو وہ خواتین کے منگل سوتر سمیت ہر ایک کی املاک کا سروے کرائے گی اور اس کی تقسیم نو کا عمل شروع کرے گی۔x

## BJP OVERSEAS PARTIES

بھارتیہ جنتا پارٹی BJP کے قومی صدر جے پی نڈّا نے نئی دلّی میں BJP ہیڈکوارٹر پر 10 ملکوں کے 18 سیاسی پارٹیوں کے نمائندوں کے ساتھ پارٹی کی اپنی انتخابی مہم سے متعلق حکمت عملیوں اور مجموعی طور پر انتخابی عمل کے تعلق سے ہوئی بات چیت میں حصہ لیا۔ یہ پارٹی کے 'BJP کو جانو' پہل کا حصہ تھا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب نڈّا نے کہا کہ یہ پہل نہ صرف BJP کی حصولیابیوں کو مشترک کرنے کیلئے ہے بلکہ قوم کی تعمیر میں بی جے پی کی قربانیوں اور تعاون کو اُجاگر کرتے ہوئے دیگر لوگوں کو تحریک دینے کیلئے بھی ہے۔ اس موقع پر سینئر پارٹی لیڈر اور مرکزی وزراء ڈاکٹر ایس جے شنکر اور اشونی ویشنو موجود تھے۔ آسٹریلیا، ویتنام، بنگلہ دیش، اسرائیل، یوگانڈا، تزانیہ، روس، سری لنکا، ماریشش اور نیپال کے نمائندوں نے اس میں شرکت کی۔x

SOLAPUR CONSTITUENCY

لوک سبھا انتخابات کے دوران ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام سبھی علاقوں کے اہم حلقوں کا جائزہ لیئے جانے کی سیریز کے تحت آج ہم مہاراشٹر میں Solapur لوک سبھا حلقے پر ایک رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔

ایک رپورٹ۔ V-C Jeevan Bhavsaar

شولہ پور لوک سبھا حلقہ درجہ فہرست ذاتوں کے امیدوار کیلئے ریزروڈ ہے۔ اس حلقے سے 1999 اور 2009 میں کانگریس کے سُشیل کمار شندے، جبکہ 2004‘ 2014 اور 2019 میں BJP کے امیدوار جیتے تھے۔ 1999 سے سُشیل کمار شندے یا ان کے خانوادے کے ہی کوئی نہ کوئی ممبر کانگریس کے ٹکٹ پر چناؤ لڑتے آرہے ہیں، البتہ BJP اپنے امیدوار بدلتی رہی ہے۔ اس بار بھی پارٹی نے ایسا ہی کیا ہے اور پارٹی نے شولہ پور سے موجودہ رُکن پارلیمنٹ ڈاکٹر Jaisiddheshwar Mahaswamiکو ٹکٹ نہیں دیا ہے۔ BJP کی طرف سے رکن اسمبلی Ram Satpute، جبکہ کانگریس کی طرف سے رکن اسمبلی پرانیتی شندے انتخابی میدان میں ہیں۔ بہوجن سماج پارٹی نے ببلوگائکوارڈ کو میدان میں اتارا ہے، جبکہ پرکاش امبیڈکر کی وَنچت بہوجن اگھاڑی آزاد امیدوار ATish Bansode کی حمایت کر رہی ہے۔ شولہ پور انتخابی حلقے سے کُل 21 امیدوار میدان میں ہیں اور یہاں 20 لاکھ 25 ہزار سے زیادہ رائے دہندگان ہیں۔ 2019 کے مقابلے اس بار ایک لاکھ 73 ہزار سے زیادہ نئے ووٹرس ہیں۔

ممبئی سے جیون بھاؤسار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

PADMA AWARDS NOMINATION

پدم ایوارڈس 2025 کیلئے آن لائن نامزدگی اور سفارشات کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ پدم ایوارڈس کیلئے نامزدگیوں کی آخری تاریخ 15 ستمبر 2024 ہے۔ پدم ایوارڈس کیلئے نامزدگیاں اور سفارشات راشٹریہ پُرسکار پورٹل awards.gov.in پر آن لائن حاصل کی جائیں گی۔

پدم ایوارڈس، جس میں پدم وبھوشن، پدم بھوشن اور پدم شری شامل ہیں، ملک کے اعلیٰ ترین سیویلین ایوارڈس ہیں۔ 1954 میں قائم کردہ اِن ایوارڈس کا اعلان ہر سال یوم جمہوریہ کے موقع پر کیا جاتا ہے۔ وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ حکومت پدم ایوارڈس کو ’پیپلز پدم‘ میں تبدیل کرنے کیلئے عہد بستہ ہے۔ ×

## CHILD EDU ALLOWANCE HIKE

مرکزی سرکار نے اپنے ملازمین کے لیے بچوں کی تعلیم کے بھتے اور ہوسٹل سبسڈی میں اضافہ کیا ہے۔ اِس سال جنوری میں مہنگائی بھتہ پچاس فیصد تک پہنچنے کے تناظر میں یہ تبدیلی کی گئی ہے۔

عملے، عوامی شکایات اور تربیت محکمے کی وزارت نے یہ حکم جاری کیا ہے جو 2018 کے ہدایت نامے پر عمل کرتی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ تنخواہ کے نظر ثانی شدہ ڈھانچے کی بنیاد پر مہنگائی بھتہ پچاس فیصد پہنچنے کی صورت میں تعلیمی بھتے اور سبسڈی میں پچیس فیصد اضافہ کردیا جائے گا۔x

## J&K PAK INTRUDER

جموں و کشمیر میں سرحدی حفاظتی فورس BSF کے اہلکاروں نے ایک پاکستانی درانداز کو ہلاک کردیا ہے جو کل رات سامبا ضلعے میں سرحدی چوکی ریگل کے راستے، بھارتی علاقے میں داخل ہونے کی کوشش کر رہا تھا۔

آکاشوانی جموں کے نامہ نگارنے بتایا ہے کہ BSF اہلکاروں نے سرحد پر مشتبہ نقل و حرکت کا نوٹس لینے کے بعد اُسے روکنے کے لیے للکارا۔ اِس کے باوجود وہ شخص سرحدی باڑھ کی سمت آگے بڑھتا رہا۔ اس کے بعد سپاہیوں کی گولی باری میں وہ مارا گیا۔ BSF اور سیکیورٹی ایجنسیوں کے عہدیدار صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے وہاں پہنچ گئے ہیں۔x

## J&K SEARCH OPERATION

جموں و کشمیر کے اُودھم پور ضلعے میں ایک دیہی دفاعی گارڈ کی ہلاکت میں ملوث دہشت گردوں کے دو گروپوں کا پتہ لگانے کے لیے سیکیورٹی ایجنسیوں نے اودھم پور اور کٹھوعہ ضلعے میں تلاش کی کارروائی کا دائرہ بڑھا دیا ہے۔ آج اِس کارروائی کا پانچواں دن ہے۔ تلاش کی یہ کارروائی اودھم پور اور کٹھوعہ ضلعے کے بسنت گڑھ، Baniاور Seoj علاقوں میں کی جا رہی ہے۔

آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ اتوار کی صبح کو دور دراز کے Panara گاؤں میں دہشت گردوں کے ساتھ ایک تصادم میں ایک دیہی دفاعی گارڈ کی موت ہو گئی تھی۔ اِس کے بعد پولیس، فوج اور CRPF نے مشترکہ طور پر تلاش کی کارروائی شروع کی تھی۔x

## IMD WEATHER

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے مغربی بنگال، جھارکھنڈ، اُڈیشہ اور بہار میں آج شدید سے شدید گرمی کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ جمعہ تک جنوبی جزیرہ نما بھارت میں بھی اسی طرح کے حالات رہیں گے۔ اگلے پانچ روز کے دوران مہاراشٹر، رائل

سیما، گجرات، تمل ناڈو اور آندھرا پردیش اور اتوار تک وسطی بھارت میں شدید گرمی رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے مغربی بنگال، مشرقی جھارکھنڈ، شمالی اڈیشہ اور رائل سیما کے گنگا کے طاس والے علاقوں میں جمعہ تک زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 44 سے 47 ڈگری سیلسیس کے آس پاس رہنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔

جموں وکشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد، اتراکھنڈ اور ہماچل پردیش میں اس مہینے کی تین تاریخ سے 6 تاریخ تک گرج چمک اور بجلی کے ساتھ بارش اور برفباری ہونے کا بھی امکان ہے۔×

## CHESS VAISHALI GM

بین الاقوامی شطرنج فیڈریشن نے شطرنج کی نوجوان بھارتی کھلاڑی ویشالی رمیش بابو کو گرانڈ ماسٹر کے ٹائٹل سے سرفراز کیا ہے۔ اِس اہم کامیابی کے ساتھ ہی Koneru Humpy اور Harika Dronavalliکے بعد ویشائی تیسری بھارتی خاتون گرانڈ ماسٹر بن گئی ہیں۔ ویشالی نے حالانکہ پچھلے سال اسپین میں Llobregat اوپن ٹورنامنٹ میں مطلوبہ پوائنٹ حاصل کرلیے تھے، لیکن گذشتہ مہینے ٹورنٹو میں Candidates شطرنج ٹورنامنٹ کے دوران FIDE کونسل کی میٹنگ کے بعد حال ہی میں انھیں باضابطہ طور پر یہ ٹائٹل دیا گیا ہے۔x

## IPL-CRICKET

IPL کرکٹ میں، پنجاب کنگس نے چنئی کے ایم. اے چدمبرم اسٹیڈیم میں چنئی سپر کنگس کو سات وکٹ سے ہرا دیا۔ پنجاب کنگس نے محض 17 اورس اور پانچ گیندوں میں تین وکٹ کے نقصان پر 163 رن کا جیت کا نشانہ آسانی سے حاصل کرلیا۔ اس جیت کے ساتھ پنجاب پوائنٹس کے اعتبار سے ایک پائیدان اوپر آٹھویں سے ساتویں پوزیشن پر آگیا ہے، جبکہ چنئی چوتھے مقام پر ہی ہے۔

آج حیدرآباد میں شام ساڑھے سات بجے سنرائزرس حیدر آباد کا مقابلہ راجستھان رائلس سے ہوگا۔ فی الحال راجستھان رایلس پوائنٹس کی فہرست میں سب سے اوپر ہے۔ اُس نے 9 میچوں میں سے 8 میں کامیابی حاصل کی ہے۔ اِدھر حیدرآباد کی ٹیم 9 میچوں میں سے 5 میں کامیابی حاصل کرکے پانچویں پوزیشن پر ہے۔x

## BADMINTON THOMAS CUP

بیڈمنٹن میں چین کے شہر Chengduمیں تھامس کپ کے گروپ مرحلے میں آج بھارتی مردوں کی ٹیم انڈونیشیا سے ایک۔چار سے ہار گئی۔ البتہ بھارتی ٹیم انگلینڈ اور تھائی لینڈ کو ہراکر پہلے ہی کوارٹر فائنل میں پہنچ چکی ہے۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... کونین حیدر

شکریہ - شبانہ رحمان

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے دلّی NCR میں 100 سے زائد اسکولوں کو بم کی فرضی دھمکی ملنے سے متعلق خبروں کو پہلی بڑی خبر کے طور پر شائع کیا ہے۔ اس سلسلے میں روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور ملاپ کی سرخی ہے: 100 سے زیادہ اسکولوں کو دھمکی آمیز ای-میل، اسکولوں کو خالی کرایا گیا اور کسی اسکول میں کچھ نہیں ملا، بم کی دھمکی افواہ نکلی۔

وزیراعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی کا یہ بیان بھی اخباروں میں نمایاں ہے کہ ہم گجرات کو ترقی یافتہ بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ عام لوگوں کو مہنگائی سے راحت / گیس سلینڈر کی قیمتوں میں کمی، کمرشیل گیس سلینڈ کی قیمت میں پہلی مئی سے 19 سے 20 روپے کی کمی کی گئی ہے، اس خبر کو روزنامہ ملاپ اور دیگر کئی اخباروں نے پیش کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا، انقلاب اور ملاپ نے اس خبر کو بھی سرخی بنایا ہے کہ بھارت نے آبدوز شکن میزائل "اسمارٹ" کا کامیاب تجربہ کیا گیا۔ روزنامہ پرتاپ نے BJP صدر جے پی نڈّا کے اس بیان کو بھی پہلے صفحہ پر پیش کیا ہے کہ بھارتیہ جنتا پارٹی مذہبی بنیادوں پر ریزرویشن کی سخت مخالف۔ ہندوستان ایکسپریس کی ایک خبر کے مطابق CBI نے مبینہ طور پر دھوکہ دہی سرمایہ کاری اسکیم سے متعلق ایک معاملے کی تحقیقات کے دوران ملک میں 10 ریاستوں میں چھاپے کی کارروائی انجام دی۔×

<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1 لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کی چناؤ مہم جاری ہے۔ مختلف پارٹیوں کے لیڈر پورے ملک میں ریلیاں اور روڈ شو کر رہے ہیں۔

2 انتخابی کمیشن نے توہین آمیز رائے زنی کی بنا پر BRS کے سربراہ چندرشیکھر راؤ پر 48 گھنٹے کے لیے انتخابی مہم میں شامل ہونے پر پابندی عائد کردی ہے۔

3 2025کے پدم ایوارڈس کے لیے آن لائن نامزدگی اور سفارشات کا عمل شروع ہو گیا ہے۔

4 جموں و کشمیر کے سامبا ضلعے میں BSF نے ایک پاکستانی دراندا ز کو ہلاک کردیا ہے۔

5 بھارتی موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ مغربی بنگال، اوڈیشہ، جھارکھنڈ اور بہار میں شدید گرمی کا زور آج بھی جاری رہنے کا امکان ہے۔

6 بین الاقوامی شطرنج فیڈریشن نے شطرنج کی نوجوان بھارتی کھلاڑی ویشالی رمیش بابو کو گرانڈ ماسٹر کے ٹائٹل سے سرفراز کیا ہے۔

7 اور IPL کرکٹ میں، پنجاب کنگس نے چنئی سپر کنگس کو سات وکٹ سے ہرا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔